**13.04.2025**

**21.15 Hrs.**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

**(Music)**

---

☆ بھارت، لیزر شعاع کے ذریعے ایسے طیاروں کو جن کے پر، کھلتے یا بند نہیں ہوتے اور ڈرون طیاروں کو مار گرانے کی صلاحیت کے حامل ملکوں میں شامل ہوگیا ہے۔ وہ ایسا چوتھا ملک بن گیا ہے۔

☆ مغربی بنگال میں مرشدآباد میں کسی بھی جگہ سے تازہ تشدد کے کسی واقعے کی خبر نہیں ملی ہے۔ ابھی تک 150 لوگوں کی گرفتاری عمل میں آئی ہے۔

☆ داخلی امور اور امداد باہمی کے وزیر امت شاہ نے کہا ہے کہ وزیراعظم نے محض ساڑھے تین سال کی مدت میں امداد باہمی کی تحریک میں خاطر خواہ تبدیلیاں کی ہیں۔

☆ روس کے میزائل نے، یوکرین کے شہر Sumy پر حملہ کیا ہے، جس میں 32 افراد ہلاک اور 84 زخمی ہوگئے۔

☆ اور IPL میں...... جے پور میں رائل چیلنجرز بنگلورو نے راجستھان رائلز کو 9 وکٹ سے ہرایا جبکہ ممبئی انڈینس اور ڈیلی کیپٹلس کے درمیان میچ دلی میں جاری ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**DRDO Laser Weapon**

بھارت نے ایسے طیاروں کو، جن میں ایسے پر لگے ہوتے ہیں جو کھلتے یا بند نہیں ہوتے، میزائلوں اور ڈرون طیاروں کے جھنڈ، مار گرانے کی اپنی صلاحیت کا کامیاب مظاہرہ کیا ہے۔ اس کے لئے 30 کلوواٹ والے، لیزر پر مبنی ہتھیار کا استعمال کیا گیا ہے۔

اس کے ساتھ ہی بھارت اس طرح کی صلاحیت کے حامل ملکوں، امریکہ، چین اور روس کی صف میں شامل ہوگیا ہے۔

دفاعی تحقیق و ترقی کی تنظیم DRDO نے آندھراپردیش کے شہر کرنول میں، گاڑی میں لدے ہوئے، لیزر سے چلائے جانے والے توانائی کے ہتھیار DEW MK-II کا مظاہرہ کیا، جسے زمین سے داغا گیا۔ اس ہتھیار نے بغیر پائلٹ والے ایک طیارے کو جس کے پر کھلتے یا بند نہیں ہوتے، نیز ڈرون طیاروں کے جھنڈ کو ناکارہ بنادیا۔
ہتھیار نے اِن طیاروں کے ڈھانچے کو نقصان پہنچایا اور اِن کے، نگرانی کے نظام کو بھی ناکارہ کردیا۔
دفاعی تحقیق و ترقی کے محکمے کے سکریٹری ڈاکٹر سمیر وی کامت اور DRDO کے چیئرمین نے اس کامیابی کو، بھارت کے سفر کا محض آغاز قرار دیا ہے۔ انھوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ DRDO Labs، صنعت اور تعلیمی اداروں کے مابین اشتراک سے، اس میدان میں مزید کامیابیاں حاصل ہوں گی۔
انھوں نے یہ بھی کہا کہ DRDO، زیادہ توانائی والے دیگر نظام پر بھی کام کررہی ہے، جس میں زیادہ توانائی والے مائیکرو ویو اور دھڑکن والی الیکٹرومیگنیٹک ٹیکنالوجیز بھی شامل ہیں، جن کا مقصد Star Wars جیسی صلاحیتیں پیدا کرنا ہے۔x

## WB- Violence

مغربی بنگال میں 2025 کے وقف ترمیمی قانون کے خلاف پرتشدد مظاہروں کے سلسلے میں مزید 12 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ اس طرح اس کیس میں گرفتار کئے گئے لوگوں کی کُل تعداد 150 ہوگئی ہے۔
حفاظتی دستوں نے مرشدآباد ضلع میں اپنی تعیناتی میں اضافہ کردیا ہے، جہاں کچھ دن کشیدگی کے بعد ماحول عام طور پر، پرامن ہوگیا ہے۔ مقامی حکام نے بتایا ہے کہ آج مرشدآباد میں تشدد کا کوئی تازہ واقعہ نہیں ہوا اور Suti، دھُلیان، شمشیر گنج اور جنگی پور جیسے علاقوں میں امن کا ماحول ہے۔ حفاظتی صورتحال پر قریبی نظر رکھی جارہی ہے، اور نظم و ضبط کے لئے اضافی فورس تعینات کی گئی ہے۔
اسی دوران تشدد کی وجہ سے سینکڑوں افراد بے گھر ہوگئے ہیں اور مرشدآباد سے چلے گئے ہیں۔
یہ لوگ بھاگیرتھی دریا کو پار کرکے پڑوس کے مالدہ ضلع چلے گئے ہیں۔ مقامی انتظامیہ نے کنبوں کو شیلٹر اور خوراک فراہم کرنے کے کام میں تیزی اختیار کرلی ہے اور دریا کے کناروں پر موجود رضاکار، کشتیوں کے ذریعے پہنچنے والے اِن لوگوں کی مدد کررہے ہیں۔ ان لوگوں کے ٹھہرنے کے لئے اسکولوں اور دیگر جگہوں کا انتظام کیا گیا ہے۔
مغربی بنگال کے، پولیس کے ڈائریکٹر جنرل راجیو کمار نے جمعہ کو مرشدآباد کا دورہ کیا تھا تاکہ حقیقی صورتحال معلوم کی جاسکے۔ جناب کمار نے اپنے دورے کے بعد سرحدی حفاظتی دستوں BSF کے ساتھ ایک میٹنگ منعقد کی۔ بڑھتی ہوئی تشویش کے پیش نظر مرکزی فوج نے متاثرہ علاقوں میں فلیگ مارچ کیا ہے۔ BSF کے عملے کی تعیناتی، کلکتہ ہائی کورٹ کی مداخلت کی وجہ سے ہوئی ہے۔
ہائی کورٹ نے اپنے حکم میں کہا تھا کہ مرکزی فوج، فوری طور پر مداخلت کرے۔
اس سے متعلق ایک اور واقعے میں بی جے پی کے ممبر پارلیمنٹ جیوتر مئے سنگھ مہتو نے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کو ایک خط لکھا ہے، جس میں مرشدآباد اور دیگر تین ضلعوں میں مسلح فوج کے خصوصی اختیارات کا قانون AFSPA لاگو کرنے پر زور دیا گیا ہے۔ اس تشدد کی، مقامی سیاستداں بھی نکتہ چینی کررہے ہیں۔

ترنمول کانگریس TMC کے ایم ایل اے ہمایوں کبیر نے تشدد کی مذمت کی ہے اور زور دے کر کہا ہے کہ ہر ایک شہری کو، امن کے ماحول میں رہنے کا حق حاصل ہے۔ اسی دوران حکام، خطے میں معمول کے حالات بحال کرنے میں مصروف ہیں۔x

## MP Amit Shah Visit

داخلی امور اور امداد باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے بھارت کے امداد باہمی کے شعبے میں، بڑے پیمانے پر کی گئی تبدیلیوں کی ستائش کی ہے۔ یہ تبدیلیاں مودی سرکار کی طرف سے، امداد باہمی کی وزارت تشکیل دیئے جانے کے بعد آئی ہیں۔

بھوپال میں امداد باہمی سے متعلق، ریاستی سطح کی ایک کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے زور دے کر کہا کہ کس طرح حکومت نے دیہی ترقی کو زراعت اور مویشی پروری سے مربوط کیا ہے۔ مربوط کرنے کا یہ کام، بھارت کی تاریخ میں پہلی مرتبہ انجام دیا گیا ہے۔ انھوں نے امداد باہمی سے متعلق ضابطوں کی معیار کاری میں مرکزی حکومت کے رول کو اجاگر کیا۔ جبکہ سبھی ریاستیں ان مثالی ذیلی ضابطوں کو اپنا رہی ہیں۔

جناب شاہ نے کہا کہ اس کی وجہ سے اس شعبے میں نئی جان پیدا ہوگئی ہے اور امداد باہمی کے بینک، قلیل مدتی زرعی مالیاتی سرگرمیوں کے علاوہ بھی خدمات فراہم کررہے ہیں۔

Final AMIT SHAH Bylaws

جناب شاہ نے کہا کہ PACS کے بڑھتے ہوئے رول کے سبب جو اب 20 سے زیادہ ریاستوں میں کارفرما ہیں، زرعی مالی سرگرمیوں کے علاوہ بھی خدمات فراہم کی جارہی ہیں، جن میں دواؤں کی فروخت اور پانی کی تقسیم بھی شامل ہے۔

انھوں نے کہا کہ بیجوں، آرگینک اور برآمدات سے متعلق امدا باہمی کے اداروں کے ذریعے کسانوں کو مناسب قیمتیں مل رہی ہیں اور اُن کے بینک کھاتوں میں راست ادائیگیاں کی جارہی ہیں۔

جناب شاہ نے ایک اور بنیادی اصلاح کے بارے میں بتایا کہ وہ چھوٹے کسان، جن کے پاس محض ڈھائی ایکڑ زمین ہے، اب بیجوں کی پیداوار کرسکیں گے، جسے بیجوں سے متعلق امداد باہمی کے اداروں کی مدد حاصل ہے اور جنھیں حال ہی میں شروع کیا گیا ہے۔ اس کا مقصد کسانوں کی پیداوار کے لئے مناسب قیمتوں کو یقینی بنانا ہے۔

مدھیہ پردیش دودھ یونین اور ڈیری کے فروغ سے متعلق قومی بورڈ NDDB کے درمیان ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے گئے ہیں، جس کے تحت ریاست میں، دودھ سے متعلق امداد باہمی سے متعلق اداروں کی تعداد میں اضافہ کیا جائے گا۔ فی الحال یہ تعداد چھ ہزار ہے، جو بڑھاکر 9 ہزار کی جائے گی۔ اس کانفرنس کی صدارت مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے کی۔x

## AP Fire accident

آج آندھرا پردیش کے Kailasopatnam میں آتش بازی کا سامان تیار کرنے والی فیکٹری میں ایک دھماکہ ہونے سے 6 افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔ 4 کارکن جائے حادثہ پر ہی ہلاک ہوگئے جبکہ دو کارکن زخموں کی تاب

نہ لاکر ہسپتال جاتے ہوئے چل بسے۔

یہ دھماکہ، دوپہر بارہ بج کر 45 منٹ پر ہوا جب وہاں تقریباً 30 کارکن موجود تھے۔ وزیر اعلیٰ این چندرا بابو نائیڈو نے گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے اور زخمیوں کی بہتر طبی نگہداشت اور حادثے کی مکمل تحقیقات کا حکم دیا ہے۔ x

## Add AP Fire Accident

وزیر اعظم نریندر مودی نے آندھرا پردیش کے Anaka Palli ضلع کے کارخانے میں ہوئے حادثے میں مرنے والوں کے تئیں اظہارِ تعزیت کیا ہے اور وزیر اعظم کے قومی راحت فنڈ سے ہر مہلوک کے قریبی رشتے دار کو دو لاکھ روپے اور زخمیوں میں سے ہر ایک کو 50 ہزار روپے امداد دینے کا اعلان کیا ہے۔

اسی دوران آندھرا پردیش سرکار نے ہر مرنے والے کے قریبی رشتے دار کو 15 لاکھ روپے اور زخمیوں کے مکمل علاج کا خرچ اٹھانے کا اعلان کیا ہے۔ x

## DRI Drug Seizure

وزارت خزانہ نے آج بتایا کہ ڈائریکٹوریٹ آف ریوینو انٹیلیجنس، DRI نے 11 اپریل کو میزورم کے نواحی علاقے سے دو افراد کو گرفتار کیا ہے۔ ان کے پاس سے 52 اعشاریہ 67 کلو گرام Methamphetamine برآمد ہوئی ہے، جس کی مالیت 52 کروڑ روپے سے زیادہ بتائی جاتی ہے۔ یہ نشہ آور مادہ، اینٹ کے سائز کے 53 پیکٹس میں ایک ٹرک میں رکھا گیا تھا۔

ابتدائی تحقیقات کے مطابق یہ نشہ آور مادہ Zokhawthar سیکٹر کے راستے میانما سے غیر قانونی طور پر لایا گیا تھا۔ ٹرک ڈارئیور اور اُس کے ساتھی پر NDPS ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ x

## Punjab RDX

پنجاب میں، پولیس کے کاؤنٹر انٹیلیجنس ادارے نے دو افراد کو گرفتار کیا ہے۔ اِن افراد کو ریموٹ سے کنٹرول ہونے والی IED کے ساتھ گرفتار کیا گیا ہے، جس میں ایک اعشاریہ چھ کلو گرام RDX ملا ہے۔ حالیہ گرینیڈ حملوں کے درمیان سیکیورٹی خدشات میں اضافہ ہوگیا ہے۔

اس گرفتاری سے پہلے گزشتہ سات ماہ میں 16 گرینیڈ حملے ہوچکے ہیں، جن میں سے زیادہ تر حملوں میں پولیس اسٹیشنوں کو نشانہ بنایا گیا تھا۔

پنجاب کے DGP گورو یادو نے بتایا کہ دونوں افراد جرمنی میں مقیم گولڈی ڈِھلّن کے دہشت گرد گروپ کے اہم ممبر ہیں۔ NIA نے گولڈی ڈِھلّن پر 10 لاکھ روپے کا انعام رکھا ہوا ہے۔ x

## Harvest Festival

ملک بھر میں فصل کی کٹائی کے روایتی تہوار منائے جارہے ہیں۔ آج پنجاب میں بیساکھی اور کیرالہ میں

Vishu، مغربی بنگال میں Poila Boishakh، آسام میں Bohag Bihu اورتمل ناڈو میں Puthandu کا تہوار کل منایا جائے گا۔ بیساکھی کا تہوار 1699 میں گرو گووند سنگھ کے ذریعے خالصہ پنتھ کے قیام کی یاد میں بھی منایا جاتا ہے اور اسی دن 1919 میں جلیانوالہ باغ سانحہ بھی وقوع پذیر ہوا تھا۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ اور وزیراعظم نریندر مودی نے لوگوں کو تہوار کی مبارکباد پیش کی ہے اور جلیانوالہ سانحہ کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ محترمہ دروپدی مرمو نے کہا کہ ان کی قربانیوں نے بھارت کی جدوجہدِ آزادی کو تقویت بخشی جبکہ جگدیپ دھنکھڑ نے ان قربانیوں کو شجاعت کا مظہر قرار دیا۔

جناب مودی نے کہا کہ آنے والی نسلیں ان کے ناقابل تسخیر جذبے پر فخر کریں گی۔ x

## Russia Ukraine Attack

Palm Sunday یعنی ایسٹر سے ایک روز قبل کے اتوار کو شمالی یوکرین کے شہر Sumy کے مرکز میں روس کے میزائل حملے کے بعد کم از کم 32 افراد، جن میں دو بچے بھی شامل ہیں، ہلاک ہوگئے اور 84 دیگر زخمی ہوگئے۔

Palm Sunday، عیسائیوں کی تعطیل کا دن ہے جو کہ مقدس ہفتے کے آغاز کے طور پر منایا جاتا ہے۔ جب یہ حملہ ہوا، اُس وقت کئی لوگ چرچ میں عبادت میں مصروف تھے۔ 2023 سے یوکرین کے شہریوں پر ہونے والا یہ سب سے خونیں حملہ تھا۔

زخمیوں میں 10 بچے بھی شامل ہیں۔ مقامی حکام کے مطابق چرچ میں سال کے مصروف ترین ایام میں اِس دن، جبکہ سڑکوں پر لوگوں کا ہجوم تھا۔ دو بیلسٹک میزائل داغے گئے۔

صدر ولودمیر زیلنسکی نے دہشت کی علامت قرار دیتے ہوئے اس حملے کی مذمت کی ہے اور شدید عالمی ردّ عمل کا مطالبہ کیا ہے۔ x

## Iran-US

ایران کی وزارت خارجہ نے بتایا ہے کہ ایران اور امریکہ 19 اپریل کو دوسرے دور کے بالواسطہ مذاکرات منعقد کریں گے۔ وزارت نے کہا کہ دونوں ملکوں نے عمان کی راجدھانی مسقط میں ایک تعمیری ماحول میں ہفتے کو یہ مذاکرات مکمل کئے تھے۔

ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی اور امریکہ کے، مشرقِ وسطیٰ امور کے خصوصی ایلچی Steve Witkoff کے درمیان ڈھائی گھنٹے کی میٹنگ میں، ایران کے نیوکلیائی پروگرام اور اُس پر عائد بندشوں میں کمی پر توجہ مرکوز کی گئی۔ وفود کے سربراہان نے، عمان کے وزیر خارجہ کی موجودگی میں یہ مختصر ملاقات کی۔

عراقچی نے نامہ نگاروں کو بتایا کہ یہ بات چیت پرامن ماحول میں ہوئی اور ایک دوسرے کے احترام کو ملحوظ خاطر رکھا گیا۔ جس کا مقصد جلد ایک سمجھوتہ کرنا تھا۔

انھوں نے کہا کہ انھوں نے اگلے دور میں ایک عام فریم ورک تیار کرنے سے اتفاق کیا۔ امید ہے کہ اگلے دور کی یہ بات چیت اسی سطح پر ہفتہ کو منعقد کی جائے گی جو اندازے کے مطابق مسقط میں نہیں ہوگی۔

یہ بات چیت امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی طرف سے، متحدہ عرب امارات کے ذریعے مارچ میں ایک خط بھیجے جانے کے بعد کی گئی ہے، جس میں مذاکرات کی تجویز پیش کی گئی تھی۔
ایران نے اس خط کے موصول ہونے کی تصدیق کی اور اِن بالواسطہ مذاکرات کے لئے تیار رہنے کا اشارہ دیا تھا۔ x

## Earth Quake Myanmar

آج صبح وسطی میانما میں پانچ اعشاریہ پانچ شدت کا ایک زلزلہ آیا۔ میانما کے محکمۂ موسمیات اور Hydrology محکمے کے مطابق اس زلزلے کا مرکز، Mondalay خطے میں Wundwin قصبے کے ساڑھے 14 کلو میٹر شمال مشرق میں 20 کلو میٹر کی گہرائی میں تھا۔
اس سے قبل جمعے کے روز وسطی میانما میں 5.0 کی شدت کا زلزلہ آیا تھا۔ Thai محکمۂ موسمیات کے زلزلے کی نگرانی کے محکمے کی ایک رپورٹ کے مطابق گزشتہ ماہ کی 28 تاریخ کو آئے 7.7 شدت کے طاقتور زلزلے کے بعد کل تک میانما اور اس کے آس پاس کے علاقوں میں زلزلے کے بعد کُل 468 جھٹکے ریکارڈ کیے گئے۔ x

## Rev Gaza Israel

وسطی غزہ شہر کے دیر البلاح میں آج اسرائیلی فضائی حملوں میں کم سے کم 10 فلسطینی ہلاک ہوگئے۔ غزہ کی سول ڈیفنس کے مطابق اِن میں سے 7 لوگ ایک گاڑی میں سفر کر رہے تھے اور اِن سات لوگوں میں سے 6 کا تعلق ایک ہی کنبے سے تھا۔ سول ڈیفنس کا کہنا ہے کہ کئی دیگر افراد زخمی بھی ہوئے ہیں، جنہیں دیر البلاح کے الاقصیٰ اسپتال پہنچایا گیا ہے۔
اِس سے پہلے ایک اسرائیلی حملے میں غزہ شہر کے آخری پوری طرح کام کرنے والے اسپتال Al-Ahli Baptist کا حصہ تباہ ہوگیا تھا۔ اسرائیل کی دفاعی افواج IDF کا کہنا ہے کہ اُس نے اِس اسپتال کو اِس لیے نشانہ بنایا تھا کیونکہ اِس میں حماس کا کمان اینڈ کنٹرول سینٹر چل رہا تھا۔

اِس سے پہلے اسرائیلی فوج نے وسطی نُصیرَت پناہ گزین کیمپ، ساتھ ہی جنوبی خان یونس کے باشندوں کیلئے انخلا کے نئے احکامات جاری کیے تھے۔ x

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں، دلّی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں ممبئی انڈینس اور ڈیلی کیپٹلز کے درمیان میچ جاری ہے۔ ممبئی انڈینس نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے ڈیلی کیپٹلز کے سامنے جیت کے لیے 206 کا نشانہ رکھا ہے۔
اِس سے پہلے ڈیلی کیپٹلز نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔
آج کھیلے گئے ایک اور میچ میں، جئے پور کے سوائی مان سنگھ اسٹیڈیم میں رائل چیلنجرس بینگلورو نے راجستھان

رائکس کو 9 وکٹ سے ہرا دیا۔ x

*******